حرفِ اوّل

عاکف سعید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سالانہ محاضراتِ قرآنی

اِس سال مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیرِ اہتمام سالانہ محاضراتِ قرآنی یکم تا چار اپریل، حسبِ معمول، ٹاؤن ہال میں منعقد ہو رہے ہیں۔ محاضرات کی اکثر نشستوں کے عنوانات مُلکی مسائل کی مناسبت سے معین کئے گئے ہیں۔ چنانچہ پہلے روز یعنی یکم اپریل کی نشست کیلئے پاکستان میں نفاذِ شریعت کے مسئلے کو موضوع بنایا گیا ہے۔ یہ نشست متحدہ شریعت محاذ پاکستان کے سینئر نائب صدر مولانا مفتی محمد حسین نعیمی کی زیرِ صدارت منعقد ہوگی اور حیدرآباد سندھ کے مشہور عالمِ دین جناب سید بدیع الدین شاہ راشدی پیر جھنڈا اس نشست کے مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ مقررین و مقالہ نگار حضرات میں مولانا سید حامد میاں (لاہور) مولانا قاضی عبداللطیف صاحب (ڈیرہ اسماعیل خاں)۔ مولانا سمیع الحق صاحب (اکوڑہ خٹک) مولانا فداء الرحمٰن صاحب درخواستی (کراچی) اور حافظ عبدالرحمٰن صاحب مدنی (لاہور) کے نام شامل ہیں۔ امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد صاحب اس نشست میں سورہ مائدہ کے ساتویں رکوع کا درس دیں گے۔

اسی طرح تین اپریل کی نشست کا بھی حالاتِ حاضرہ میں درپیش ملکی مسائل سے گہرا تعلق ہے۔ اس نشست کے لئے 'استحکام پاکستان اور مسئلہ سندھ' کا عنوان تجویز کیا گیا ہے اس نہایت اہم اور نازک موضوع پر اظہارِ خیال کے لئے پنجاب کے علاوہ سندھ سے بھی متعدد معروف علمی شخصیات کو دعوت دی گئی ہے۔ چنانچہ سندھ سے جن حضرات کی شرکت متوقع ہے، اُن میں جمعیت علماء اسلام سندھ کے نائب امیر مولانا عبدالوہاب چاچڑ، حیدرآباد کے معروف دانشور جناب موسیٰ بھٹو اور سابق ناظم اعلیٰ جمعیت طلبہ سندھ جناب نور محمد پٹھان شامل ہیں۔ اس نشست میں لاہور کے معروف ایڈووکیٹ جناب محمود مرزا اور ادارہ

(باقی صفحہ ۶۲)